بیج سے چھوٹے پودے یا پنیری اگانا۔

راہنمائی و معلومات۔۔۔

باغبانی کا شوق رکھنے والوں کے لیے بیج لگانے کے لیے چند کارآمد باتیں۔۔۔

1۔ بیج کو چھوٹے برتنوں میں اگانا چاہیے جیسے پلاسٹک کے چھوٹے کپ یا گلاس، آدھے لٹر کی کٹی ہوئی پانی یا کولڈ

ڈرنک کی بوتلیں یا دیگر کسی بھی قسم کے پلاسٹک کے کپ یا برتن استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

2۔ بیج کے لیے مٹی نم، نرم، طاقت والی اور بھربھری ہونی چاہیے۔

3۔ بیج کے گملوں کو گھر کے اندر گرم اور نمی والی جگہ پر رکھیں، جہاں چند گھنٹے دھوپ آتی ہو یا مناسب روشنی ہو۔

4۔ چھوٹے اور نازک پودوں کو موسمی اثرات جیسے ٹھنڈ، تیز ہوا، بارش اور تیز دھوپ سے بچانا چاہیے۔

5۔ بیج کو بوائی کے وقت سے 3 سے 4 ہفتے پہلے لگانا چاہیے تاکہ بوائی کا موسم آنے تک آپ کے پودے ٹرانسپلانٹ کرنے کے لیے تیار ہوں۔

6۔ اکثر سبزیاں موسم بہار اور کچھ موسم سرما آنے سے پہلے بوئی جاتی ہیں، لہٰذا ان کے بیج کی تیاری موسم سرما کے آخر اور خزاں کے آنے سے چند ہفتے پہلے شروع کردینی چاہیے۔

7۔ بیج معیاری اور صحت مند لینا چاہیے کیونکہ کمزور اور کرم خردہ (کیڑوں کا کھایا ہوا) بیج پہلی بات تو یہ کہ اگتا ہی نہیں، اگر اُگ بھی جائے تو پودے صحت مند نہیں ہوتے اور پھول اور پھل نہیں آئیں گے۔

8۔ کوشش کریں کچن گارڈننگ سے خود بیج تیار کریں، لیکن اگر ایسا نہ کر سکیں تو کسی اچھے اور بااعتماد بیج ڈیلر سے خریداری کریں۔

9۔ بیج کو پانی دینے کے لیے **Sprayer** یا کا استعمال کریں پلاسٹک کی بوتل کے ڈھکن میں خود سوراخ کر لیں تو یہ بھی **Shower** بن جائے گا۔

10 - بیج بو دینے کے بعد پریشان بھی نہ ہوں اور جلد بازی بھی نہ کریں۔ آپ کا کام ہے محنت کرنا اور حیلہ پیدا کرنا، باقی تمام وسائل رب سوہنا پیدا فرما دے گا۔